11/05/2026

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لےکر میں **بلال وانی**

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ وزیر اعظم نے سومناتھ مندر کو روحانیت اور دائمی سکون کی ایک عظیم مثال دیا قرار ۔

*........ لیفٹننٹ گورنر نے سرینگر میں نیشنل یوتھ فسٹیول - 2026 کا کیا افتتاح // نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے پر دیا زور ۔

*........ وزیر اعلیٰ نئی دلی میں وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقی // سٹیٹ ہُڈ کی بحالی اور دیگر امور پر تبادلہ خیال ۔

اور

*........ اننت ناگ ضلعے میں نشہ مکت ابھیان کے تحت ساڑھے 13 کروڑ روپے مالیت کی جائیداد اٹیچ // تین کوئنٹل نشیلی اشیاءبر آمد ۔

وزیر اعظم

تقریبات کے تحت آج گجرات کے سومناتھ مندر Parv وزیر اعظم نریندر مودی نے سومناتھ امرت میں خصوصی پوجا اور پرارتھنا کی ۔ یہ مہا پوجا بحال کئے گئے اس مندر کے 75 برس مکمل ہونے کے موقعہ پر منعقد کی گئی ۔

اس موقعہ پر انہوں نے خطاب کرتے ہوئے سومناتھ مندر کو عقیدے ، روحانیت اور ملک کے دائمی سکون کی ایک عظیم مثال قرار دیا ۔

------PM------

لیفٹنٹ گورنر

دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سومناتھ سوابھیمان پرو کے موقعہ پر پوجا میں شرکت کی ۔ انہوں نے لوک بھون سرینگر میں اس تعلق سے منعقدہ ایک تقریب میں حصہ لیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ حملہ آوروں کے بے شمار مظالم اور مشکلات کے باوجود سومناتھ مشعلِ راہ بن کر بھارت کو معیار کی بلندیوں تک پہنچانے میں کلیدی رول ادا کرتا رہا ہے ۔ سومناتھ مندر کی اہمیت کو اجا گر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ملک کا واحد مندر ہے جسے 17 بار تباہ کیا گیا تاہم ہر بار اسے نئی عظمت کے ساتھ تعمیر کیا گیا۔

انہوں نے مزید کہا کہ 11 مئی 1951 کو سومناتھ مندر دوبارہ تعمیر کیا گیا جب سے لے کر آج تک اس نے ملک کے ہر ایک شہری کے دل میں عقیدے کے جذبے کو پروان چڑھایا ۔ اس موقعہ نلن پربھات اور کئی دیگر DGPپر کھیل کود کے وزیر ستیش شرما ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، افسران بھی موجود تھے ۔

ایل جی نیشنل یوتھ فسٹیول

کا افتتاح کیا ۔ اس Aarohan 2026 - لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگر میں نیشنل یوتھ فسٹیول موقعہ پر اپنے خطاب میں ایل جی نے کہا کہ اس فسٹیول کی بدولت نوجوانوں کو زندگی میں آگے بڑھنے کے فلسفے کو سمجھنے نیز وکست بھارت 2047 میں اپنا رول سمجھنے میں مدد ملے گی اور کلچرل ایونٹ میں Hackathon، Leaders Dialogue ۔ انہوں نے وکست جے اینڈ کے یَنگ شامل نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ایک مثالی بھارت وجود میں لانے کے لئے پُر عزم رہیں ۔

------LG------exp

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج نئی دلی میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے ساتھ ملاقات کی اور جموں کشمیر سے جڑے متعدد اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔ سرکار کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں لیڈروں نے جموں کشمیر کا سٹیٹ ہُڈ بحال کرنے ، بزنس رولز، ریزرویشن میں معقولیت اور بہتر حکمرانی سمیت کئی معاملات زیر بحث لائے ۔ عمر عبداللہ نے عوامی نوعیت کے معاملات کو نمٹانے کے لئے مرکز اور جموں کشمیر حکومت کے بہتر تال میل پر زور دیا ۔

نئی دلی روانہ ہونے سے پہلے وزیر اعلیٰ نے سرینگر میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

-----CM-----

وزیر اعلیٰ ملاقات

پروبیشنروں کے ایک گروپ نے آج سرینگرمیں IAS سے تعلق رکھنے والے AGMUT Cadre وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی ۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقعہ پر جموں کشمیر میں ان کی تعیناتی اور کام کاج سے متعلق جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے نوجوان افسروں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان پر زور دیا کہ وہ جموں کشمیر میں مزید تندہی اور لگن کے ساتھ کام کر کے لوگوں کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے آج راجوری ضلعے کے نوشہرہ حلقے کا دورہ کر کے وہاں ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت اور عوام کے لئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ترقیاتی پروجیکٹوں کا جائزہ لیتے ہوئے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ کاموں کے معیار کو بر قرار رکھتے ہوئے پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنائیں ۔

جاوید احمد ڈار

وزیر زراعت جاوید احمد ڈار سے آج سرینگر میں متعدد عوامی وفود ملاقی ہوئے اور انہیں اپنے اپنے مسائل سے آگاہ کیا ۔ وزیر موصوف نے لوگوں کو یقین دلایا کہ اجا گر کئے گئے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا ۔

نشہGong

*.......اب پیش ہیننشہ مکت جموں کشمیر ابھیان اور اس تعلق سے پولیس کاروائیوں پر مشتمل خبریں۔

----

نشہ

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

----(DRUGS)--LG-----

اننت ناگ سے ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ اس ابھیان کے تحت ضلعے میں اب تک کافی پیش رفت حاصل کی گئی ہے۔ ضلعے میں ابھیان شروع ہونے سے اب تک 120 FIR درج کئے گئے ہیں ۔ ساڑھے 13 کروڑ روپے مالیت کی جائیداد اٹیچ کی گئی ہے اور تین کوئنٹل نشیلی اشیاءبر آمد کی گئی ہے ۔ اس حوالے سے ضلعے کے ایس ایس پی امود اشوک ناگپوری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

درخشاں اندرابی

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے منشیات کو معاشرے کے لئے نا سور قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس بدعت کا قلع قمع کرنے کے لئے سماج کے سبھی طبقوں کو اپنا کلیدی رول ادا کرنا چاہئے ۔ سوپور میں جموں و کشمیر ڈیولپمنٹ فاونڈیشن کی طرف سے منعقدہ " اَسلُک آلو" تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے نوجوانوں کی بہتر ذہنی و جسمانی نشو نما یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔ تقریب پر بی جے پی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے ۔ اشوک کول نے کہا کہ سماج کی بہبودی اور آنے والی نسلوں کی بقاءکے لئے ماحولیات کو تحفظ دینا ضروری ہے ۔ بعد میں ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-

کشمیر پولیس

پولیس کی طرف سے جموں کشمیر کو نشہ مکت بنانے کے لئے سرگرمیاں جاری ہیں ۔ گرورہ بانڈی پورہ میں پولیس نے الطاف احمد راتھر نامی بدنامِ زمانہ ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے ۔ درج کیں ۔ FIR ایکٹ کے تحت کئی NDPS پولیس نے ضلعے میں

میٹنگوں کا PCPG بڈگام میں ابھیان کے تحت پولیس کی طرف سے کئی بیداری پروگراموں اور انعقاد کیا گیا ۔

گلورہ لنگیٹ ہندواڑہ میں جاوید احمد ملک نامی ڈرگ سمگلر کی 25 لاکھ روپے مالیت کی جائیداد کو اٹیچ کیا گیا ہے ۔

پولیس شاٹ پورہ لنگیٹ ہندواڑہ کے عبد الرحمان بٹ نامی ڈرگ سمگلر کی غیر قانونی طور کھڑا کی گئی جائیداد کو منہدم کر دیا ۔

جموں پولیس

کشتواڑ پولیس نے ایک کاروائی کے دوران مویشیوں کی غیر قانونی سمگلنگ میں ملوث آٹھ افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 130 مویشیوں کو ضبط کیا ۔

اِدھر ڈوڈہ میں پولیس نے غیر قانونی کانکنی میں ملوث دو گاڑیوں کو ضبط کر کے 24 ہزار 475 روپے کا جرمانہ وصول کیا ہے ۔

سانبہ پولیس نے ایک ڈرگ سمگلر وِنے پرتاپ کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے قریب چھ گرام ہیروئن ضبط کی ہے ۔

اُدھر ادھمپور پولیس نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت خون اور مجالٹا میں بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا ۔ کمبل ڈانگہ ادھمپور میں بھی اسی طرح کے ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔ اسی اثناءمیں ادھمپور پولیس نے منشیات کے غیر قانونی کاروبار میں ملوث تین افراد گلزار احمد ، عدنان فاروق اور ریاض احمد نامی تین سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے قریب 106 گرام ہیروئن ضبط کی ۔

چوری کے وارداتوں کا پردہ فاش کر تے ہوئے سکندر شاہ نامی ایک ATM راجوری پولیس نے نقب زن کر گرفتار کر لیا ہے ۔ ایک اور کاروائی میں راجوری پولیس نے مظاہر احمد نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے کچھ منشیات بر آمد کی ۔

سرگُن شُکلا نے کشتواڑ ضلعے کے چھاترو اور پاڈر علاقے میں DIG ڈوڈہ کشتواڑ رینج کے سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔

کٹھوعہ پولیس نے راہل شرما نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے تین گرام ہیروئن ضبط کی ہے ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

-----

نیشنل ٹیکنالوجی ڈے

آج پورے ملک میں نیشنل ٹیکنالوجی ڈے منایا جا رہا ہے ۔ یہ دن ہر سال 11 مئی کو 1998 میں کئے گئے پوکھرن نیوکلیائی ٹیسٹ کی یاد میں منایا جا تا ہے ۔ آج کے دن اختراعیت ، مصنوعی ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں ملک کی ترقی کو اجا گر کیا جا تا ہے ۔ Deepذہانت ،

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندرمودی نے اس موقع پر ملک کے سائنسدانوں، انجینئرس، اختراع کاروں اور تحقیق کاروں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ ملک عوام کی صلاحیت اور لگن کی بدولت سائنس، اختراع اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں نمایاں پیش رفت کرتا رہے گا۔

نیشنل ٹیکنالوجی دن کے موقعہ پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سائنسدانوں اور ٹیکنالوجی سے جُڑے پیشہ وروں کو مبارک باد دی ہے ۔ ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ ملک نے مختلف شعبوں میں نمایاں پیش رفت حاصل کر کے عالمی سطح پر ایک منفرد مقام حاصل کیا ہے ۔

SAMANBAL

گلشن کلچرل فورم کے اہتمام سے منعقدہ تین روزہ جشن سمن بل آج پدرن ماگام میں اختتام پذیر ہوا ۔ اختتامی تقریب پر معروف گلو کار اور سنگیت ناٹک اکیڈمی ایوارڈ یافتہ گلزار احمد گنائی مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے ۔ اس تین روزہ ادبی تقریب میں کافی تعداد میں شاعروں ، ادیبوں اور فنکاروں نے شرکت کی ۔ سمن بل کے کامیاب اختتام پر گلشن کلچرل فورم کشمیر کے جنرل سیکریٹری گلشن بدرنی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-

سیاسیGong

*.......اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کی سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

----

نیشنل کانفرنس

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج پارٹی ہیڈ کوارٹر پر مختلف علاقوں سے آئے ہوئے وفود اور پارٹی کارکنوں کے ساتھ ملاقات کی ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ ان کی پارٹی ہمیشہ عوامی حقوق اور جمہوری اقدار کی پاسداری کرتی آئی ہے ۔ مردم شماری کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ محض ایک سرکاری عمل نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے حقوق ، شناخت اور وسائل کے تحفظ سے جُڑا اہم قومی فریضہ ہے ۔ اس موقعہ پر پارٹی کے صوبائی صدر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے انہیں پارٹی کی سرگرمیوں کے بارے میں جانکاری دی ۔

اِدھر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور پارٹی کے نائب صدر و وزیر اعلی عمر عبداللہ نے قاضی آباد صنعت نگر کے ایک سماجی شخصیت انجینئر محمد شفیع شاہ کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ۔

جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے بھی مرحوم کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا ہے ۔

BJP

جموں کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما کی صدارت میں آج جموں میں ایک BJP میٹنگ منعقد ہوئی جس میں تنظیمی امور کا جائزہ لیا گیا ۔ میٹنگ میں پارٹی کے کئی نائب صدور ملک کی ایک مضبوط سیاسی قوت BJP نے بھی شرکت کی ۔ ست شرما نے اس موقعہ پر کہا کہ کے طور پر ابھری ہے اور وزیر اعظم نریندر مودی کی دانشمندانہ قیادت میں بہتر حکمرانی اور عوام دوست پالیسیوں کی عمل آوری کی وعدہ بند ہے ۔

پہلگام

پر چار Rakhidar Lidroo پہلگام حلقے کے اسمبلی ممبر الطاف احمد کلو نے پہلگام علاقے میں کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی گئی واٹر سپلائی سکیم کا افتتاح کیا ۔

پی ڈی پی

امتیاز حسین کے گھر جا کر ان کے والد کے انتقال پر تعزیت DIG پی ڈی پی لیڈر التجیٰ مفتی نے اور ہمدردی کا اظہار کیا ۔ انہوں نے مرحوم کی جنت نشینی کے لئے دعا کی ۔

علاقے میں ایک پبلک آوٹ Soiteng پارٹی کے ترجمان زہیب یوسف میر نے لالچوک حلقے کے ریچ پروگرام کا انعقاد کیا جس میں کافی تعداد میں پارٹی کارکنوں اور عام لوگوں نے شرکت کی ۔

اُدھر پارٹی کے ایک اور لیڈر یاور بانڈے نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ جموں کشمیر کے تمام اضلاع میں صحت سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو تقویت دینے کے لئے اقدامات کئے جانے چاہئیں ۔

وحید الرحمان پرہ

پلوامہ کے ایم ایل اے وحید الرحمان پرہ نے پلوامہ ضلعے کے لئے پہلا ماسٹر پلان تیار کرنے کی کشمیر کی کاوشوں کی ستائش کی ہے ۔ ایک سوشل Planner خاطر ڈی سی پلوامہ اور چیف ٹاون میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ اس منصوبے سے ضلعے کی دیر پا ترقی اور عوامی بہبودی کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی ۔

میوزیکل کنسرٹ

آکاشوانی کے 90 برس مکمل ہونے کی یاد میں کل آڈیٹوریم ہال آکاشوانی سرینگر میں سہ پہر تین بجے میوزیکل کنسرٹ محفلِ موسیقی کا انعقاد کیا جا رہا ہے ۔

JKBOPEE

جموں و کشمیر بورڈ آف پروفیشنل Entrance Examinations نے Academic Session 2026 نرسنگ کے داخلے کے لئے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں ۔ درخواست جمع MSc کے لئے کرنے کی آخری تاریخ 21 مئی 2026 ہے ۔

آجیویکا مشن گارنٹی گرامین ایکٹ

مرکز نے وکست بھارت روزگار اور آجیویکا مشن گارنٹی (گرامین ایکٹ 2025) کے نفاذ کو نوٹیفائی کیا ہے۔ اس سال یکم جولائی سے ملک بھر میں اس کا اطلاق ہوگا۔ دیہی ترقی کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ قانون، جس کے تحت ہر مالی برس میں 125 دن کے روزگار کی گارنٹی دی جارہی ہے، دیہی بھارت کو با اختیار بنائے گا۔ آکاشوانی کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ملک بھر میں اس نئے طریقہ کار کو لاگو کرنے کیلئے موجودہ مالی برس میں اس کیلئے 95 ہزار 692 کروڑ روپے کی رقم رکھی گئی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیرمیں اگلے 24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا تیز ہوائیں چلنے کاامکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24 اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 32منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر23منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی یہ خبر نامہ ختم ہوا ۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔